مصلح آدمی تھے۔ دن رات عوام کی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل رہے۔ ان کی وفات جمعیت علماء اسلام کے لئے ایک بہت بڑے صدمہ سے کم نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر جمعیت لاہور اور اسلام آباد کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ شیخ محمد شفیع ضلع ٹانک جمعیت کے امیر تھے انہوں نے تمام زندگی جمعیت کے لئے وقف کررکھی تھی۔ آج ہم ایک مخلص اور انتہائی سرگرم ساتھی سے محروم ہوگئے۔ حکومت سے ہمارا مطالبہ ہے کہ وہ شیخ محمد شفیع کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی کسی سے بھی ذاتی دشمنی نہیں تھی۔ انہوں نے ٹانک کے موجودہ حالات میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے اور وہ اس کوشش میں تھے کہ ضلع ٹانک میں امن قائم ہو۔ (اخباری بیان)

مغربی صحافیوں اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے جرنلسٹوں کی دارالعلوم آمد: حسب معمول ماہ رواں میں کئی مغربی ممالک اور مختلف بین الاقوامی چینلو اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے جرنلسٹ دارالعلوم آئے اور انہوں نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقاتیں کیں اور ملکی و بین الاقوامی حالات پر آپ سے انٹرویو کئے۔

تعطیلات کے بعد جامعہ میں دوبارہ تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز: جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے وسطانی امتحانات زیرنگرانی نائب مہتمم جامعہ حقانیہ حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ مورخہ یکم مارچ سے شروع ہوکر ۴ مارچ تک صبح و شام جاری رہے۔ طلباء کی کثرت کے پیش نظر اور تفصیلی امتحان ہونے کی وجہ سے دارالعلوم کے تمام احاطہ جات کو تین سنٹروں میں تقسیم کیا گیا۔ اساتذہ کے امتحانی و تعلیمی کمیٹی و جملہ مدرسین اور دفتر تعلیمات کے تمام عملہ کی انتھک محنت کی بدولت امتحان بخیروخوبی پایہ تکمیل ہوئے۔ پرچوں کی زیادتی کے پیش نظر امید ہے کہ اپریل کے وسط تک مارکنگ کا سلسلہ مکمل ہوکر نتائج کا اعلان اور تقسیم انعامات کا اہتمام ہوگا۔ امتحانات میں اعدادیہ سے دورہ حدیث شریف، تخصص فی الحدیث، تخصص فی الفقہ، دارالحفظ والتجوید، کمپیوٹر کے ہر دو شعبے کے طلبا شامل رہے۔ بعد میں ایک ہفتہ چھٹی کے بعد ۱۳ مارچ بروز ہفتہ سے اسباق باقاعدہ دوبارہ شروع ہوئے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے حفید (پڑپوتے) محمد معزالحق کی ولادت: ۲۰ فروری ۲۰۱۰ء بروز ہفتہ ناظم اعلیٰ جامعہ حقانیہ الحاج مولانا اظہارالحق مدظلہ کے فرزند اور دارالعلوم حقانیہ کے استاد مولانا عرفان الحق حقانی کے ہاں لڑکے کا تولد ہوا۔ والحمدللہ علی ذالک۔ نومولود بچہ جو حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق مدظلہ کا نواسہ بھی ہے کا نام محمد معزالحق رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہیں کہ طوالت عمر، سعادتمندی، علم و عمل اور اسلاف واجداد کے نقوش پا پر چلنے کی سعادت سے بہرہ ورفرمائے۔ امین۔ آخر میں ادارہ ہدیہ تبریک پیش کرنے والے جملہ متعلقین کا تہہ دل سے شکرگزار ہے۔ قارئین سے بھی دعاؤں میں یاد رکھنے کی اپیل ہے۔